# 36438 ـ حج تمتع كى نيت كى ليكن صرف عمره كركے واپس چلا گيا

**سوال**

ميں نے حج تمتع كا احرام باندھا اورپھر شديد ازدحام ديكھا توعمره كركے حج ادا كيے بغير ہى واپس چلا گيا توكيا مجھ پركوئي چيزلازم آتى ہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

اگرتوآپ پہلے فريضہ حج ادا كرچكے ہيں توپھرآپ پركچھ لازم نہيں آتا ، ليكن اگرآپ نے پہلے فريضہ حج ادا نہيں كيا توآپ پرواجب تھا كہ آپ وہيں رہتے اورفريضہ حج كى ادائيگي كرتے ، اورآپ كوچاہيے كہ آپ جب بھى استطاعت ركھيں حج كرنے ميں جلدى كريں ۔

شيخ ابن عثيمين رحمہ اللہ تعالى كہتے ہيں :

جب حج تمتع كرنے والا شخص عمره كا احرام باندھ لے اورعمره سے فارغ ہوجائے اورپھروه حج كا احرام باندھنے سے قبل حج نہ كرنے كى نيت كرلے تواس پركچھ لازم نہيں آتا ، ليكن جب وه نذر مان لے ، اوراگر اس نے يہ نذر مان ركھى ہو كہ وه اس برس حج كرے گا تواسے يہ نذر پورى كرنى ہوگي ۔

اوراگرنذركے بغير ہوتوعمره ادا كرنے كے بعد حج ترک كرنے ميں كوئي حرج نہيں ۔ اھـ .